نمبر- 21

ایگزیکٹیو آرڈر

نیو یارک کی ریاست کو آفت زدہ قرار دیا جاتا ہے

جبکہ، 21 جولائی 2022 کو راکلینڈ کاؤنٹی کے ایک غیر ویکسین یافتہ رہائشی میں مفلوج کرنے والے پولیو کے ایک کیس کی نشاندہی کی گئی تھی جس نے پولیو کی علامات کے ظہور کی ارتقائی مدت کے دوران کوئی بین الاقوامی سفر نہیں کیا تھا؛

جبکہ، راکلینڈ کاؤنٹی کے فرد کو متاثر کرنے والے پولیو وائرس کی شناخت ویکسین سے اخذ کردہ پولیو وائرس کے کیس کے طور پر ہوئی ہے، جس میں نیویارک میں آخری کیس کی شناخت 1990 میں ہوئی تھی؛

جبکہ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اور اگست 2022 میں اورنج، راکلینڈ، اور سولیوان کاؤنٹیوں سے جمع کیے گئے گندے پانی کے نمونوں میں جینیاتی طور پر متعلقہ پولیو وائرس کا سراغ ملا ہے؛

جبکہ، 1979 میں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں پولیو کے خاتمے کا اعلان کیا گیا تھا، جس کی بنیادی وجہ پولیو کے خلاف ویکسینیشن کی بلند شرح تھی؛

جبکہ، تمام عمروں کے افراد میں پولیو کے خلافِ معمول قطرے پلانے کی شرح COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران کم ہوئی ہے اور ویکسین سے ہچکچاہٹ بڑھ گئی ہے؛

جبکہ، نیویارک میں 2 سال کے بچوں میں پولیو کے خلاف ویکسینیشن کی شرح 78.96% ہے، اور کئی کاؤنٹیوں اور زپ کوڈز میں اس سے نمایاں طور پر کم ہے؛

جبکہ، صحت کے مقامی محکمے مسلسل پولیو وائرس کی وباء کے خلاف تشخیص میں معاونت، رابطے میں رہنے والے افراد کی شناخت اور نگرانی، زد میں آ جانے والے رابطے میں رہنے والے افراد اور خصوصی توجہ یافتہ زیادہ خطرے کی زد میں موجود آبادیوں کو ویکسین لگائے جانے اور تعلیم اور رسائی کے ذریعے امدادی کاروائیاں کر رہے ہیں؛

جبکہ، ریاستی حکومت کو میونسپلٹیز، مقامی علاقوں اور کاؤنٹیز کی پولیو وائرس کی ویکسین لگانے اور ٹیسٹ کرنے؛ اور اس مرض کے پھیلاؤ کو جاری رہنے سے روکنے کے لیے کوششوں میں سہولت کاری کے لیے ان کی معاونت کرنا ہو گی۔

لہٰذا اب، میں، Kathy Hochul، ریاست نیویارک کی گورنر، آئین اور نیویارک کی ریاست کےقوانین کے تحت خود کو تفویض کردہ اختیارات کی رو سے، آرٹیکل B-2 کے سیکشن 28 کے تحت یہ اخذ کرتی ہوں کہ نیو یارک میں ایک آفت واقع ہوئی ہے، جس سے متاثرہ مقامی حکومتیں مناسب طور پر نمٹنے کے قابل نہیں؛ اور میں اب نیو یارک کی مکمل ریاست میں 9 اکتوبر، 2022 تک ریاستی آفت کی ہنگامی صورتحال کا اعلان کرتی ہوں؛ اور

مزید برآں، ایگزیکٹو قانون کے آرٹیکل B-2کے سیکشن 29 کے تحت، میں ریاست کے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے تفصیلی منصوبے پر عملدرامد کی ہدایت جاری کرتی ہوں اور تمام ضروری ریاستی ایجنسیز کو اختیار دیتی ہوں کہ اس ریاستی آفت کی ہنگامی صورتحال کو روکنے، اس کے لیے تیاری کرنے، اس کے حوالے سے امدادی کاروائیاں کرنے اور اس سے بحال ہونے میں مقامی حکومتوں اور افراد کی معاونت کے لیے، ریاستی اور مقامی املاک کے تحفظ کے لیے؛ اور عوام کی صحت کے تحفظ، ان کی فلاح اور حفاظت دیگر لازمی معاونت فراہم کرنے کے لیے مناسب اقدام کریں۔

مزید، ایگزیکٹو قانون کے آرٹیکل B-2کے سیکشن 29 کے تحت مجھے تفویض شدہ اختیار کے تحت کہ کسی ریاستی آفت کی ہنگامی صورتحال کے دوران کسی ایجنسی کے دستور، مقامی قانون، آرڈیننس، حکم نامے، اصول یا ضابطے، یا ان کے کسی حصے کو عارضی طور پر معطل یا تبدیل کر سکوں، اگر اس دستور، مقامی قانون، آرڈیننس، حکم نامے، اصول یا ضابطے کی تعمیل آفت کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے لازمی کاروائی کو روکے، اس کی راہ میں رکاوٹ ہو یا اس میں تاخیر کرے یا اس آفت سے نمٹنے کے لیے وہ تبدیلی لازمی ہو، میں اس ایگزیکٹو حکم نامے پر درج تاریخ سے 9 اکتوبر، 2022 تک ان سب کو عارضی طور پر معطل یا ان میں تبدیلی کرتی ہوں:

- پبلک ہیلتھ لاء کے سیکشن 3001 کی سب ڈویژن 6 اور 7، سیکشن 800.3 کی سب ڈویژن (o) اور (p)، اور NYCRR کے ٹائیٹل 10 کا سیکشن 800.15، جس حد تک درکار ہوں تاکہ محکمہ صحت کی پیشگی منظوری کے ساتھ کمیونٹی پیرا میڈیسن سروسز فراہم کرنے والے سند یافتہ ہنگامی صورتحال کے طبی ٹیکنیشن-پیرامیڈیکس اور ایڈوانسڈ EMS فراہم کنندگان کو مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے

تحت پولیو وائرس کے خلاف ویکسین لگانے کے قابل بنایا جا سکے، بشرطیکہ سند یافتہ ہنگامی صورتحال کے طبی ٹیکنیشن-پیرامیڈیکس اور ایڈوانسڈ EMS فراہم کنندگان کو پہلے کمشنر برائے صحت کی مقرر کردہ شرائط پر پورا اترنا ہو گا؛

- ایجوکیشن لاء کا سیکشن 6951؛ اور NYCRR کے ٹائٹل 8 کا سیکشن 79-5.5، ان شقوں کی حد تک جو دائی کی خدمات کو معمول کے حمل کی انتظام کاری، زچگی اور بعد از زچگی نگہداشت کے ساتھ ساتھ بنیادی طور پر صحت مند خواتین کی بنیادی تولیدی صحت کی حفاظتی نگہداشت، اور نومولود کی تشخیص، نومولودوں کو عمل تنفس کی فراہمی اور حوالہ جات کی خدمات تک محدود کرتی ہیں؛ اور اس حد تک کہ یہ دائی کی خدمات کو لائسنس یافتہ معالجین یا ہسپتالوں کے ساتھ باہمی تعاون پر مبنی شراکت داریوں کے تحت کام کرنے والے دائی کی خدمات فراہم کنندگان تک محدود کرتا ہے، تاکہ اس آفر کی ہنگامی صورتحال کے لیے، دائی کی خدمات فراہم کنندہ افراد مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے تحت کسی بھی مریض کو پولیو وائرس کے خلاف ویکسینیں، لائسنس یافتہ معالجین، لائسنس یافتہ معاون معالجین یا بطور نرس کام کرنے والے سند یافتہ افراد کی زیر نگرانی لگا سکیں، تاہم بشرطیکہ، وہ دائی کی خدمات فراہم کنندہ جن کے پاس حفاظتی ٹیکہ جات لگانے والے ایجنٹس کو ریاست کے محکمہ تعلیم کا جاری کردہ سرٹیفیکیٹ نہیں ہے، وہ کمشنر برائے صحت کی طے کردہ شرائط پر لازماً پورا اترتے ہوں؛
- ایجوکیشن لاء کے سیکشن 6801 کی سب ڈویژن 2 اور NYCRR کے ٹائٹل 8 کی 63.9، اس حد تک کہ فارماسسٹس کو مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے تحت پولیو وائرس کے خلاف ویکسین لگانے کی اجازت دینے کے لیے ضروری ہے؛
- ایجوکیشن لاء کے سیکشن 6527 کی سب ڈویژن 6، پبلک ہیلتھ لاء کے سیکشن 6909 کی سب ڈویژن 4؛ اور NYCRR کے ٹائٹل 8 کا سیکشن 64.7، اس حد تک کہ فارماسسٹس کو مریض کا تعین نہ کرنے والے حکم نامے کے تحت منکی پاکس کے خلاف ویکسین لگانے کی اجازت دینے کے لیے اور معالجین اور بطور نرس کام کرنے والے سند یافتہ افراد کو نرسز یا اس ایگزیکٹو حکم نامے کے تحت پولیو وائرس کی ویکسینیں لگانے کے لیے منظور شدہ کسی دیگر فرد کو مریض کا تعین نہ کرنے والا اجازت نامہ فراہم کرنے کے لیے درکار ہے؛
- پبلک ہیلتھ لاء کے سیکشن 2168 کی سب ڈویژن 3 اور NYCRR کے ٹائٹل 10 کا سیکشن 66-1.2، اس حد تک کہ یہ شرط معطل کرنے کے لیے درکار ہے کہ، نگہداشت صحت فراہم کنندگان، بشمول رجسٹرڈ نرسز، دایہ، سندیافتہ ہنگامی طبی ٹیکنیشنز-پیرامیڈیکس، ایڈوانسڈ ای ایم ایس فراہم کنندگان اور فارماسسٹس، جو 19 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کو پولیو وائرس کی ویکسین لگاتے ہیں ان کو ویکسین لگوانے والے کی منظوری لینا ہوتی ہے تاکہ ان کو ویکسین لگائے جانے کی رپورٹ نیو یارک اسٹیٹ امیونائزیشن انفارمیشن سسٹم (New York State Immunization Information System, NYSIIS) یا سٹی وائیڈ امیونائزیشن رجسٹری (Citywide Immunization Registry, CIR) کو کی جا سکے، اور مزید ان شقوں میں اس حد تک تبدیلی کی جا رہی ہے جتنی کہ یہ درکار کرنے کے لیے لازمی ہے کہ کسی فرد (بچے یا بالغ) کو لگائی جانی والی تمام پولیو وائرس ویکسینوں کی رپورٹ NYSIIS یا CIR کو، جس طرح درکار ہو، پولیو وائرس ویکسین لگنے کے 72 گھنٹے کے اندر کی جائے۔ اس پیراگراف کے مندرجات میں سے کسی چیز کو بھی یہ اجازت دینے کے مفہوم میں نہیں پڑھا جانا چاہیے کہ کسی فرد کو ان کی منظوری کے بغیر یا قانوناً یہ منظوری دینے کا اختیار رکھنے والے کسی دیگر فرد کی منظوری کے بغیر ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔

سال دو ہزار بائیس میں آج ستمبر کے نوویں دن البانی شہر

میں میرے دستخط اور ریاست کی مجوزہ مہر کے تحت

جاری کیا گیا

منجانب گورنر

سیکرٹری از گورنر